میعادِ سماعت ایکٹ، 1908

(IX بابت 1908)

مندرجات

1۔ مختصر عنوان، دائرۂ کار اور آغازِ نفاذ

2۔ تعریفات

3۔ میعادِ سماعت کے بعد دائر کردہ مقدمات وغیرہ کی برخاستگی

4۔ جہاں میعاد ختم ہونے کے وقت عدالت بند ہو

5۔ مخصوص مقدمات میں میعاد میں توسیع

6۔ قانونی نااہلیت

7۔ مدعیان یا درخواست گزاروں میں سے کسی ایک کی قانونی نااہلیت

8۔ خصوصی مستثنیات

9۔ میعاد کا جاری رہنا

10۔ صریح متولیان اور ان کے نمائندگان کے خلاف مقدمات

11۔ غیر ملکی معاہدوں پر مقدمات

12۔ قانونی کارروائیوں میں وقت کا منہا ہونا

13۔ مدعاعلیہان کی پاکستان اور دیگر مخصوص علاقوں میں عدم موجودگی کے وقت کا منہا ہونا

14۔ دائرۂ اختیار کے بغیر عدالت میں نیک نیتی پر مبنی قانونی کارروائی کے وقت کا منہا ہونا

15۔ اُس وقت کا منہا ہونا جس کے دوران قانونی کارروائی معطل رہی

16۔ اُس وقت کا منہا ہونا جس کے دوران فروخت کی منسوخی کے لیے عدالتی کارروائی زیرِ سماعت رہی

17۔ مقدّمہ دائر کرنے کا حق حاصل ہونے سے پہلے موت واقع ہونے کا اثر

18۔ فراڈ کا اثر

19۔ تحریری اقرارنامے کا اثر

20۔ قرض یا متروکہ مال پر منافع کی ادائیگی کا اثر

21۔ نااہل شخص کا نمائندہ

22۔ نیا مدعی یا مدعا علیہ بدلنے یا شامل کرنے کا اثر

23۔ مسلسل خلاف ورزیاں اور جرائم

24۔ کسی خاص نقصان کے بغیر ناقابلِ عمل اقدام کے لیے تلافی کا مقدمہ

25۔ دستاویزات میں مذکور وقت کا شمار

26۔ حقِ آسائش کا حصول

27۔ حقِ آسائش کی زمین کے وارثِ دعویٰ کے حق میں اخراج

28۔ حقِ جائیداد کا خاتمہ

29۔ مستثنیات

30۔ منسوخ شُدہ

31۔ منسوخ شُدہ

32۔ منسوخ شُدہ

پہلا شیڈول

دوسرا شیڈول

تیسرا شیڈول

متن

میعادِ سماعت ایکٹ، 1908

(IX بابت 1908)[1]

[7 اگست، 1908]

مقدمات کی میعادِ سماعت اور دیگر مقاصد کے لیے قانون کو مستحکم کرنے اور اس میں ترمیم کرنے کے لیے ایکٹ۔

جب کہ یہ ضروری ہے کہ عدالت میں مقدمات، اپیلوں اور مخصوص درخواستوں کی میعادِ سماعت سے متعلق قانون کو مستحکم کیا جائے؛ اور جب کہ یہ بھی ضروری ہے کہ حقوقِ آسائش اور دیگر املاک کی قبضے کے ذریعے ملکیت کے حصول کے لیے قواعد کا بندوبست کیا جائے؛ اس {ایکٹ} کے ذریعے اسے یوں وضع کیا جاتا ہے:-

حصہ I

ابتدائیہ

1۔ مختصر عنوان، دائرۂ کار اور آغازِ نفاذ - (1) یہ ایکٹ [2][***] میعادِ سماعت ایکٹ، 1908 کہلائے گا۔

---

[1] مقاصد اور وجوہات کی تفصیل کے لیے، دیکھیئے انڈیا گزٹ، 1908، حصہ V، صفحہ 22؛ سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ کے لئے، دیکھیئے ایضاً۔ 1908، حصہ V، صفحہ 223؛ اور کونسل کی کارروائیوں کے لیے، دیکھیئے ایضاً۔ 1908، حصہ VI، صفحات 37، 2، 13 اور 145۔

یہ ایکٹ بذریعہ برطانوی بلوچستان ضابطۂ قوانین، 1913 (2 بابت 1913) کو بلوچستان میں نافذ العمل قرار پایا، ایس۔3۔

بلوچستان کے ٹھیکہ پر دیے گئے علاقہ جات کو اس کے دائرۂ کار میں شامل کیا گیا، دیکھیے ٹھیکہ پر دیے گئے علاقہ جات (قوانین) آرڈر، 1950 (جی۔جی۔او۔3 بابت 1950)، اور بلوچستان کے متحدہ علاقوں میں لاگو ہوا، دیکھیے انڈیا گزٹ، 1937، حصہ I، صفحہ 1499۔

یہ بالائی ٹناول کے خارج شدہ علاقہ پھلیرا میں این۔ڈبلیو۔ایف۔پی۔ کے قابل اطلاق دائرۂ کار تک لاگو ہوا۔، دیکھیئے این۔ڈبلیو۔ایف۔پی۔ (بالائی ٹناول) (خارج شدہ علاقہ) ضابطۂ قوانین، 1950۔

بذریعہ این۔ڈبلیو۔ایف۔پی۔ (بالائی ٹناول) (خارج شدہ علاقہ) ضابطۂ قوانین، 1950، پھلیرا کے علاوہ بالائی ٹناول کے خارج شدہ علاقہ جات تک نافذ ہوا اور یکم جون، 1951 سے اُس علاقہ میں نافذ العمل قرار پایا، دیکھیئے این۔ڈبلیو۔ایف۔پی۔ گزٹ، غیر معمولی، مؤرخہ یکم جون، 1951۔

بذریعہ این۔ڈبلیو۔ایف۔پی۔ ضابطہ نمبر، II بابت 1974، صوبہ کے زیرِ انتظام قبائلی علاقہ جات چترال، دیر، کالام، سوات، اور مالاکنڈ محفوظ علاقہ جات پر ضابطہ نمبر، II بابت 1974 لاگو ہوا، ایس۔3۔

یہ ایکٹ مؤرخہ 8 اگست، 1908 کو انڈیا گزٹ میں صفحات 175 تا 192 پر شائع ہوا۔

[3] [(2) اس کا دائرۂ کار پورا پاکستان ہے۔]

(3) یہ سیکشن اور سیکشن 31 فی الفور نافذ العمل ہوں گے۔

اس ایکٹ کا بقیہ حصہ یکم جنوری، 1909 کو نافذ العمل ہو گا۔

2۔ تعریفات - جب تک کہ موضوع یا سیاق وسباق میں اس کے منافی کچھ درج نہ ہو، اِس ایکٹ میں-

(1) "درخواست گزار" میں کوئی ایسا شخص شامل ہے جس سے یا جس کے ذریعے کوئی درخواست گزار اپنا درخواست دینے کا حق حاصل کرتا ہے:

[4] [(2) "مبادلۂ ہُنڈی" کے وہی معنی ہیں جو قابلِ خرید وفروخت دستاویزات ایکٹ، 1881 (XXVI بابت 1881) کے سیکشن 5 میں دیے گئے ہیں، اور اس میں کوئی ہُنڈی اور چیک بھی شامل ہے؛]

(3) "بانڈ" میں کوئی ایسی دستاویز شامل ہے جس کی رُو سے کوئی شخص اپنے آپ سے کسی دوسرے کو اس شرط پر زرِ نقد ادا کرنے کا اقرار کرتا ہے کہ اگر کوئی مخصوص کام سرانجام دیا گیا ہے یا سرانجام نہیں دیا گیا، جو بھی صورت ہو، اقرارنامہ ختم ہو جائے گا:

(4) "مدعاعلیہ" میں کوئی ایسا شخص شامل ہے جس سے یا جس کے ذریعے کوئی مدعاعلیہ مقدمہ کیے جانے کی ذمے داری قبول کرتا ہے:

(5) "حقِ آسائش" میں کوئی ایسا حق شامل ہے جو معاہدے سے حاصل نہ ہو، جس کے ذریعے ایک شخص کسی دوسرے کی ملکیت میں موجود کسی قطعہ زمین یا کسی دوسرے کی زمین پر اُگنے والی کوئی چیز، یا اس سے منسلک یا اس پر موجود کسی چیز کو اپنے فائدے کے لیے منتقل کرنے اور تصرف میں لانے کا حق رکھتا ہے:

(6) "بیرونِ ملک" سے مراد [5] [پاکستان کے علاوہ کوئی ملک ہے [6] [* * *]:

---

[2] بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔جی۔او۔4 بابت 1949) لفظ "انڈین" کو حذف کر دیا گیا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا، دیکھیے آرٹیکل۔3 اور شیڈول۔

[3] بذریعہ مرکزی قوانین (قانونی اصلاحات) آرڈیننس، 1960 (21 بابت 1960) میں ابتدائی ذیلی سیکشن (2) کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 9 جون، 1960 کو، پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 725 تا 845 پر شائع ہوا، ایس۔3 اور دوسرا شیڈول (14 اکتوبر، 1955 سے مؤثر ہوا)، جیسے بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز کی تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔جی۔او۔4 بابت 1949) سے ترمیم کیا گیا تھا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں، صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا، آرٹیکل 3 اور شیڈول۔

[4] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) آرڈیننس، 1980 (62 بابت 1980) میں اصل شق (2) کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 24 دسمبر، 1980 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) ایس۔2 حصہ I میں شائع ہوا۔

[5] بذریعہ وفاقی قوانین (نظرِ ثانی اور اعلامیہ)، ایکٹ 1951 (XXVI بابت 1951)، الفاظ "برطانوی ہند" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 12 مئی، 1951 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی)، حصہ I پر شائع ہوا، ایس۔4 اور تیسرا شیڈول۔

[6] بذریعہ وفاقی قوانین (نظرِ ثانی اور اعلامیہ) آرڈیننس، 1981 (XXVII بابت 1981) کوما اور الفاظ، "لیکن بشمول انضمامی ریاست" کو حذف کیا گیا؛ اور مؤرخہ ------ کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی)، میں صفحات 345 تا 475 پر شائع ہوا، ایس۔2 اور دوسرا شیڈول، نمبر شمار 47۔

(7) "نیک نیتی": کوئی بھی ایسا کام نیک نیتی سے کیا گیا متصور نہیں ہو گا جو مناسب احتیاط اور توجہ سے نہیں کیا گیا:

(8) "مدعی" میں کوئی ایسا شخص شامل ہے جس سے یا جس کے ذریعے سے کوئی مدعی اپنا مقدمہ کرنے کا حق حاصل کرتا ہے:

[7][(9) "پرامیسری نوٹ" کے وہی معنی ہیں جو اسے قابلِ خرید و فروخت دستاویزات ایکٹ، 1881 (XXVI بابت 1881) میں دیے گئے ہیں؛]

(10) "مقدمہ" میں کوئی اپیل یا کوئی درخواست شامل نہیں ہے: اور

(11) "امین" میں بے نامی دار، ایسا مرتہن جو رہن کی رقم ادا کر دیے جانے کے بعد بھی قبضہ رکھتا ہے، یا ایسا غاصب جو حقِ استحقاق کے بغیر قبضہ رکھتا ہو، شامل نہیں ہے۔

حصہ II

مقدمات، اپیلوں اور درخواستوں کی میعادِ سماعت۔

3۔ **میعادِ سماعت کے بعد دائر کردہ مقدمات وغیرہ کی برخاستگی** - سیکشن 4 تا 25 (مشمول) میں درج دفعات کے تحت، شیڈول اوّل کے ذریعے مجوّزہ میعادِ سماعت کے بعد دائر کردہ ہر مقدمہ، کی گئی اپیل، اور دی گئی درخواست برخاست کر دی جائے گی، باوجود اس کے کہ میعادِ سماعت کو بطورِ صفائی پیش نہیں کیا گیا ہے۔

وضاحت - عام صورتوں میں مقدمہ اس وقت دائر کیا جاتا ہے جب عرضی دعویٰ مجاز افسر کو پیش کی جائے گی؛ کسی مفلس کی صورت میں، جب اس کی بطورِ مفلس مقدمہ کرنے کی اجازت کی درخواست دی جائے؛ اور کسی ایسی کمپنی، جسے عدالت کے ذریعے بند کیا جا رہا ہو، کے خلاف کسی دعویٰ پر جب دعویدار پہلی مرتبہ اپنا دعوے میں سرکاری تحلیل کار کو بھیجے۔

4۔ **جہاں میعاد ختم ہونے کے وقت عدالت بند ہو** - اگر کسی مقدمہ، اپیل یا درخواست کے لیے مجوّزہ میعادِ سماعت اُس دِن ختم ہو جب عدالت بند ہے، یہ مقدمہ، اپیل یا درخواست اس دن دائر کی جائے گی یا دی جائے گی جس دن عدالت دوبارہ کُھلے۔

5۔ **مخصوص مقدمات میں میعاد کی توسیع** - [8][نگرانی یا] نظر ثانی کے لیے یا اپیل کرنے کی اجازت کے لیے کسی اپیل یا درخواست یا کوئی دیگر درخواست، جس پر فی الوقت نافذ العمل [9][کسی وضع شدہ قانون کی رُو سے یا اس کے تحت] اس سیکشن کا اطلاق کیا جا سکتا ہو، مجوّزہ میعادِ سماعت کے بعد منظور کی جا سکتی ہے، جب اپیل کنندہ یا درخواست گزار عدالت کو اطمینان دلا دے کہ اس کے پاس مذکورہ مدّت کے اندر اپیل دائر نہ کرنے یا درخواست نہ دینے کی کوئی معقول وجہ موجود تھی۔

---

[7] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) آرڈیننس، 1980 (62 بابت 1980) اصل شق (9) کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 24 دسمبر، 1980 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں ایس۔2، حصہ I میں شائع ہوا۔

[8] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) آرڈیننس، 1962 (XLIII بابت 1962) شامل کیا گیا؛ اور مؤرخہ 7 جون، 1962 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) ایس۔2 میں صفحات 919 تا 920 پر شائع ہوا۔

[9] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1922 (X بابت 1922) الفاظ "کسی وضع شدہ قانون یا قاعدہ کے ذریعے" کو بدل دیا گیا، مؤرخہ 5 مارچ، 1922 ایس۔2۔

وضاحت - یہ امرِ واقعہ کہ اپیل کنندہ یا درخواست گزار ہائی کورٹ کے کسی حکم، عمل یا فیصلے سے مجوّزہ میعادِ سماعت کا تعین یا شمار کرنے کے بارے میں غلط فہمی کا شکار ہو گیا تھا، اس سیکشن کے مفہوم میں معقول وجہ ہو سکتی ہے۔

[10][* **]

6۔ قانونی نااہلیت - (1) اس وقت سے جہاں سے میعادِ سماعت شمار کی جانی ہے، مقدمہ دائر کرنے [11][یا کارروائی کرنے] یا کسی ڈگری پر عمل درآمد کے لیے کوئی درخواست دینے کا حق دار کوئی شخص نابالغ، مجنون یا فاترالعقل ہو، تو وہ نااہلیت ختم ہونے کے بعد اسی مدّت کے اندر مقدمہ دائر کر سکے گا[4][یا کارروائی کر سکے گا] یا درخواست دے سکے گا، جیسا کہ بصورتِ دیگر پہلے شیڈول کے تیسرے کالم [12][یا مجموعہ ضابطۂ دیوانی، 1908 (ایکٹ V بابت 1908) کے سیکشن 48 میں] اس کے لیے مجوّزہ وقت سے اجازت ہوتی۔

(2) جہاں ایسا شخص اس وقت پر، جس سے میعادِ سماعت کا شمار ہونا ہے، ایسی دو نااہلیتوں کا شکار ہو، یا جہاں اس کی نااہلیت کے ختم ہونے سے پہلے وہ کسی دوسری نااہلیت کا شکار ہو جائے، دونوں نااہلیتوں کے ختم ہونے کے بعد وہ اسی عرصے کے دوران مقدمہ دائر کر سکتا یا درخواست دے سکتا ہے جیسا کہ بصورتِ دیگر اس طرح مجوّزہ وقت سے اجازت ہوتی۔

(3) ایسے شخص کی موت تک اس نااہلیت کے جاری رہنے کی صورت میں، اس کا قانونی نمائندہ موت کے بعد اسی مدّت کے دوران مقدمہ دائر کر سکتا یا درخواست دے سکتا ہے، جیسا کہ بصورتِ دیگر اس طرح مجوّزہ وقت سے اجازت ہوتی۔

(4) موت کی تاریخ پر ایسے نمائندے کے کسی نااہلیت سے متاثر ہونے کی صورت میں، ذیلی سیکشن (1) اور (2) میں درج قواعد لاگو ہوں گے۔

توضیحات

(اے) اے کو کسی کشتی کے کرائے کے لیے مقدمہ دائر کرنے کا حق اپنے نابالغ ہونے کے دوران حاصل ہوا۔ وہ ایسا حق حاصل ہونے کے چار سال بعد سنِ بلوغت کو پہنچا۔ وہ سنِ بلوغت کو پہنچنے کی تاریخ سے تین سال کے دوران کسی وقت مقدمہ دائر کر سکتا ہے۔

(بی) زیڈ کو مقدمہ کرنے کا حق اپنے نابالغ ہونے کے دوران حاصل ہوا۔ حق حاصل ہونے کے بعد، لیکن جب کہ زیڈ ابھی تک نابالغ ہے، وہ پاگل ہو گیا۔ زیڈ کے لیے مدّت کا آغاز اس تاریخ سے ہوا جب کہ اس کا پاگل پن اور اس کی نابالغی کی عمر ختم ہوئی۔

---

[10] ایک سیکشن 5اے کو عارضی طور پر چھ ماہ کے عرصہ کے لیے شامل کیا گیا تھا، 13 فروری، 1948 سے مؤثر ہوا، دیکھیے، قابل خرید و فروخت دس-ویزات ایکٹ (عارضی ترمیم) آرڈیننس، 1948 (6 بابت 1948)، ایس۔3 اور 11 مئی، 1948 کو وزارتِ خزانہ کا نوٹیفکیشن نمبر۔ڈی 2702-ایف / 48، پاکستان گزٹ، 1948، حصہ I۔ صفحہ 258۔

[11] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) آرڈیننس، 1962 (XLIII بابت 1962) شامل کیا گیا؛ اور مؤرخہ 7 جون، 1962 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی)، ایس۔3 میں صفحات 919 تا 920 پر شائع ہوا۔

[12] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) آرڈیننس، 1962 (XLIII بابت 1962) اضافہ کیا گیا؛ اور مؤرخہ 7 جون، 1962 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی)، ایس۔3 میں صفحات 919 تا 920 پر شائع ہوا۔

(سی) ایکس کو مقدمہ کرنے کا حق اپنے نابالغ ہونے کے دوران حاصل ہوا۔ ایکس سن بلوغت کو پہنچنے سے پہلے انتقال کر جاتا ہے اور وائی، اس کا نابالغ بیٹا، اُس کا جانشین ہوتا ہے۔ وائی کے لیے مدّت کا آغاز اس کے سنِ بلوغت کو پہنچنے کی تاریخ سے ہوا۔

7۔ **مدعیان یا درخواست گزاروں میں سے کسی ایک کی قانونی نااہلیت** - جہاں کوئی مقدمہ دائر کرنے [13] [یا کارروائی کرنے] یا کسی ڈگری کی تعمیل کے لیے مشترکہ طور پر درخواست پیش کرنے کے حق دار کئی اشخاص میں سے کوئی ایک کسی ایسی نااہلیت کا شکار ہے اور اس شخص کی رضامندی کے بغیر خارج کیا جاسکتا ہے، مدّت کا آغاز ان سب کے لیے ہوگا: لیکن اگر ایسا کوئی اخراج نہ دیا جاسکتا ہو تو میعاد کا آغاز ان میں سے کسی کے لیے اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک کہ ان میں سے ایک دوسروں کی رضامندی کے بغیر یہ اخراج دینے کے قابل نہ ہو جائے یا نااہلیت ختم نہ ہو جائے۔

توضیحات

(اے) اے ایک ایسی فرم سے قرض لیتا ہے جس میں بی، سی اور ڈی شراکت دار ہیں۔ بی فاتر العقل ہے اور سی ایک نابالغ ہے۔ ڈی، بی اور سی کی رضامندی کے بغیر اے کو قرض کی ادائیگی سے بری الذمہ قرار دے سکتا ہے۔ بی، سی اور ڈی کے لیے میعاد کا آغاز ہوتا ہے۔

(بی) اے ایک ایسی فرم سے قرض لیتا ہے جس میں ای، ایف اور جی شراکت دار ہیں۔ ای اور ایف فاتر العقل ہیں اور جی ایک نابالغ ہے۔ ان میں سے کسی ایک کے لیے میعاد کا آغاز اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک کہ ای یا ایف میں سے کوئی ایک ذی عقل نہ ہو جائے یا جی سنِ بلوغت کو نہ پہنچ جائے۔

8۔ **خاص مستثنیات** - سیکشن 6 یا سیکشن 7 میں درج کچھ بھی، حقوقِ شفعہ کے نفاذ کے مقدمات پر لاگو نہ ہوگا یا اس سے متاثرہ شخص کی نااہلیت کے خاتمے یا موت سے تین سال سے زائد عرصے کے لیے توسیع کرنے والا متصور نہ ہوگا جس عرصے کے دوران کسی مقدمے یا درخواست کو ضرور دائر یا پیش کیا جانا چاہیے۔

توضیحات

(اے) اے جسے اپنے نابالغ ہونے کے دوران ترکے کے مقدمہ کا حق حاصل ہوا ہو، یہ حق حاصل ہونے کے گیارہ سال کے بعد سن بلوغت کو پہنچتا ہے۔ عام قانون کے تحت اے کے پاس صرف ایک سال ہے جس کے دوران وہ مقدمہ کر سکتا ہے لیکن سیکشن 6 اور اس سیکشن کے تحت، اس کے سنِ بلوغت کو پہنچنے کی تاریخ سے تین سال کا عرصہ پورا کرنے کے لیے، اسے دو سال کی توسیع دی جائے گی، جس کے دوران وہ اپنا مقدمہ پیش کر سکتا ہے۔

(بی) اے کو موروثی عہدے کا مقدمہ کرنے کا حق حاصل ہے جو اس وقت فاتر العقل ہے۔ حق حاصل ہونے کے چھ سال کے بعد اے صحیح العقل ہو جاتا ہے۔ عام قانون کے تحت اے کے پاس اس تاریخ سے جب اس کی فاتر العقلی ختم ہوئی، مقدمہ

[13] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) آرڈیننس، 1962 (XLIII بابت 1962) شامل کیا گیا؛ اور مؤرخہ 7 جون، 1962 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی)، ایس۔4 میں صفحات 919 تا 920 پر شائع ہوا۔

دائر کرنے کے لیے چھ سال کا وقت ہے۔ اس سیکشن کے ساتھ پڑھے جانے والے سیکشن 6 کے تحت میعاد میں کوئی توسیع نہیں کی جائے گی۔

(سی) اے، جو کہ ایک پاگل ہے، کو زمیندار کی حیثیت سے کسی مزارع سے قبضہ لینے کا مقدمہ کرنے کا حق حاصل ہے۔ اے حق حاصل ہونے کے تین سال بعد انتقال کر جاتا ہے، تاریخ انتقال تک اس کا پاگل پن جاری رہتا ہے۔ عام قانون کے تحت اے کے مفاد کا نمائندہ، اے کے انتقال کی تاریخ سے لے کر نو سال تک مقدمہ دائر کر سکتا ہے۔ اس سیکشن کے ساتھ پڑھا جانے والا سیکشن 6 اس میعاد میں توسیع نہیں کرتا، سوائے اس کے کہ نمائندہ خود نااہلیت کا شکار ہو، جب اسے نمائندگی دی جائے۔

9۔ میعاد کا جاری رہنا - جب ایک دفعہ میعاد کا آغاز ہو جائے تو بعد ازیں پیدا ہونے والی کوئی نااہلیت یا معذوری اسے روک نہ سکے گی:

تاہم کسی قرض خواہ کی جائیداد کے انصرام کی سند قرض دار کو دیے جانے کی صورت میں انصرام جاری رہنے تک، قرض کی واپسی کے مقدمے کی میعاد کا شمار رُک جائے گا۔

10۔ صریح متولیان اور ان کے نمائندگان کے خلاف مقدمات - قبل ازیں درج کسی بھی چیز کے باوجود، کسی ایسے شخص کے خلاف جسے کسی خاص مقصد کے لیے کوئی جائیداد بطورِ امانت زیرِ اختیار دی گئی ہے یا اس کے قانونی نمائندگان یا منتقل الیہم (قابلِ قدر بدل کے لیے منتقل الیہم نہ ہونے کی صورت میں) کے خلاف اس کے یا ان کے قبضہ میں اس جائیداد، یا اس سے حاصل ہونے والی آمدن یا اس جائیداد یا حاصل ہونے والی آمدن کے حساب کے مقصد سے کیا گیا کوئی مقدمہ، وقت کے کسی دورانیے کے لیے مانع نہ ہو گا۔

[14] [اس سیکشن کے مقاصد کی غرض سے کسی ہندو، مسلم یا بدھ مت مذہبی یا خیراتی وقف پر مشتمل جائیداد کسی مخصوص غرض سے وقف میں حاصل کردہ جائیداد متصور ہو گی اور اس جائیداد کا منتظم، اس کا متولّی متصور ہو گا۔]

11۔ غیر ملکی معاہدوں پر مقدمات - (1) کسی غیر ملک میں کیے گئے معاہدوں کے بارے میں [15] [پاکستان] میں دائر کردہ مقدمات، اس ایکٹ میں درج میعادِ سماعت کے قواعد کے تابع ہیں۔

(2) کسی غیر ملک میں کیے گئے کسی معاہدے کے بارے میں [16] [پاکستان] میں دائر کیے جانے والے کسی مقدمے کے لیے میعادِ سماعت کا کوئی مقدمہ بطورِ صفائی پیش نہیں کیا جا سکے گا، جب تک کہ قاعدے نے معاہدے کو ختم نہ کر دیا ہو اور فریقین اس قاعدے میں تجویز کردہ مدّت کے دوران اس ملک میں سکونت پذیر نہ رہے ہوں۔

---

[14] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1929 (1 بابت 1929) شامل کیا گیا؛ اور مؤرخہ 22 مارچ، 1929 کو سرکاری گزٹ، پنجاب اور اس کے متعلقات، حصہ IV، ایس۔2 پر شائع ہوا۔

[15] بذریعہ مرکزی قوانین (قانونی) اصلاحات آرڈیننس، 1960 (21 بابت 1960) الفاظ "صوبہ اور وفاق کا دارالحکومت" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 9 جون، 1960 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 725 تا 845 پر شائع ہوا، ایس۔3 اور دوسرا شیڈول (14 اکتوبر، 1955 سے مؤثر ہوا)، جنھیں بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز کی تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔جی۔او۔4 بابت 1949) الفاظ "برطانوی ہند" سے بدل دیا گیا تھا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں، صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا تھا، آرٹیکل 3 اور شیڈول۔

[16] بذریعہ مرکزی قوانین (قانونی) اصلاحات آرڈیننس، 1960 (21 بابت 1960) الفاظ "صوبہ اور وفاق کا دارالحکومت" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 9 جون، 1960 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 725 تا 845 پر شائع ہوا، ایس۔3 اور دوسرا شیڈول (14 اکتوبر، 1955 سے مؤثر ہوا)، جنھیں بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز کی تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔جی۔او۔4 بابت 1949) الفاظ "برطانوی ہند" سے بدل دیا گیا تھا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں، صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا تھا، آرٹیکل 3 اور شیڈول۔

حصہ III

میعادِ سماعت کا شمار

12۔ قانونی کارروائیوں میں وقت کا منہا ہونا - (1) کسی مقدمہ، اپیل یا درخواست کے لیے میعادِ سماعت کا شمار کرتے ہوئے، وہ دن جس سے مجوّزہ مدّت شمار ہونی ہے، منہا کر دیا جائے گا۔

(2) کسی اپیل، اپیل کی اجازت کے لیے کسی درخواست اور فیصلے پر نظرِ ثانی کے لیے کسی درخواست کے لیے مجوّزہ میعادِ سماعت کا شمار کرتے وقت، وہ دن جس پر وہ فیصلہ سنایا گیا تھا، جس کے خلاف کوئی اپیل کی گئی ہو اور ایسی ڈگری حکم سزا یا حکم جس کے خلاف اپیل کی گئی ہو یا جس پر نظرِ ثانی کی درخواست دی گئی ہو، کی نقل حاصل کرنے کے لیے درکار وقت سے منہا کر دیا جائے گا۔

(3) کسی ڈگری کے خلاف اپیل کیے جانے یا نظرِ ثانی کے لیے درخواست دیے جانے کی صورت میں، فیصلہ، جس پر {درخواست} مبنی ہو، کی نقل حاصل کرنے کے لیے ضروری وقت کو بھی منہا کر دیا جائے گا۔

(4) کسی فیصلے کو مسترد کرنے کی درخواست کے لیے مجوّزہ میعاد شمار کرنے کے دوران فیصلے کی کوئی نقل حاصل کرنے کے لیے درکار وقت کو منہا کیا جائے گا۔

[17] [(5) ذیلی سیکشن (2) ، (3) اور (4) کے مقاصد کے لیے، ڈگری، سزا، حکم، فیصلہ یا ایوارڈ کی نقل حاصل کرنے کے لیے ضروری وقت / درکار وقت، نقل کے لیے درخواست دینے کے دن اور درخواست گزار کو تیار نقل کی ترسیل کے لیے مطلع کیا گیا فی الواقع دن، میعاد میں مُخل متصور ہو گا۔]

13۔ مدعا علیہان کی، پاکستان اور دیگر مخصوص علاقوں میں عدم موجودگی کے وقت کا منہا ہونا - کسی مقدمے کے لیے مجوّزہ مدّتِ میعاد کے شمار کے دوران، وہ مدّت [18][**] منہا کر دی جائے گی جس کے دوران مدعا علیہ [19] [پاکستان] اور [20] [[21] [وفاقی حکومت]] کے زیرِ انتظام [22][پاکستان] سے باہر علاقہ جات سے غیر حاضر رہا ہو۔

---

[17] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1991 (XIII بابت 1991) اضافہ کیا گیا؛ اور مؤرخہ 6 جولائی، 1991 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی)، ایس۔2 پر شائع ہوا۔

[18] بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز کی تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔جی۔او۔4 بابت 1949) الفاظ "یا تاجِ برطانیہ کا نمائندہ" کو حذف کر دیا گیا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا، آرٹیکل 3 اور شیڈول۔

[19] بذریعہ مرکزی قوانین (قانونی) اصلاحات آرڈیننس، 1960 (21 بابت 1960) الفاظ "صوبہ اور وفاق کا دارالحکومت" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 9 جون، 1960 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 725 تا 845 پر شائع ہوا، ایس۔3 اور دوسرا شیڈول (14 اکتوبر، 1955 سے مؤثر ہوا)، جنھیں بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز کی تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔جی۔او۔4 بابت 1949) الفاظ "برطانوی ہند" سے بدل دیا گیا تھا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں، صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا تھا، آرٹیکل 3 اور شیڈول۔

[20] بذریعہ گورنمنٹ آف انڈیا (انڈین قوانین کی تطبیق آرڈر)، 1937، لفظ "حکومت" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ یکم اپریل، 1937 کو انڈیا گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 75 تا 344 پر شائع ہوا، دیکھیے آرٹیکل 3 اور پہلا شیڈول۔

[21] بذریعہ وفاقی قوانین کی تطبیق آرڈر، 1975 (پی۔او۔1975)، الفاظ "مرکزی حکومت" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ یکم اگست، 1975 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 435 تا 467 پر شائع ہوا، آرٹیکل 2 اور عمومی تطبیقات کا جدول۔

14۔ دائرۂ اختیار کے بغیر عدالت میں نیک نیتی پر مبنی قانونی کارروائی کے وقت کا منہا ہونا - (1) کسی مقدمے کے لیے مجوّزہ میعادِ سماعت شمار کرتے ہوئے وہ مدت جس کے دوران مدعی، خواہ ابتدائی عدالت یا عدالتِ مرافعہ میں مدعا علیہ کے خلاف مناسب احتیاط کے ساتھ ایک اور دیوانی کارروائی کرتا رہا ہے، کارروائی کے اسی بربنائے دعویٰ اور ایسی عدالت میں نیک نیتی سے کیے جانے پر مبنی ہونے پر منہا کر دی جائے گی، جو اختیارِ سماعت میں نقص یا اس جیسی کسی دیگر وجہ سے اس کی سماعت نہ کر سکتی ہو۔

(2) کسی درخواست کے لیے مجوّزہ میعادِ سماعت شمار کرتے ہوئے وہ مدت جس کے دوران درخواست گزار، خواہ ابتدائی عدالت یا عدالتِ مرافعہ میں اسی فریق کے خلاف اسی دادرسی کے لیے مناسب احتیاط کے ساتھ ایک اور دیوانی کارروائی کرتا رہا ہے، ایسی کارروائی کے بربنائے دعویٰ اور کسی عدالت میں نیک نیتی سے کیے جانے پر مبنی ہونے پر منہا کر دی جائے گی جو اختیارِ سماعت میں نقص یا اس جیسی کسی دیگر وجہ سے سماعت نہ کر سکتی ہو۔

وضاحت I - اس مدّت کو منہا کرتے ہوئے جس کے دوران کوئی سابقہ مقدمہ یا درخواست زیرِ سماعت تھی، وہ دن جس پر وہ مقدمہ یا درخواست دائر یا پیش کی گئی تھی اور وہ دن جس پر ان کی کارروائیاں ختم ہوئیں تھیں، دونوں شمار کیے جائیں گے۔

وضاحت II - اس سیکشن کے مقاصد کے لیے، کسی اپیل کی مزاحمت کرنے والا مدعی یا درخواست گزار، کوئی کارروائی چلانے والا متصور ہو گا۔

وضاحت III - اس سیکشن کے مقاصد کے لیے، فریقین یا بنائے دعویٰ کا اشتمالِ بے جا، اختیارِ سماعت میں نقص کے ساتھ اسی نوعیت کی ایک وجہ متصور ہو گا۔

15۔ اُس وقت کا منہا ہونا جس کے دوران قانونی کارروائی معطل رہی - (1) کسی مقدمے یا درخواست کے لیے کسی ڈگری کی تعمیل، جس کا دائر کرنا یا تعمیل امتناع یا حکم کے ذریعے ملتوی کر دی گئی ہو، کی مجوّزہ میعادِ سماعت کی مدّت کو شمار کرتے ہوئے امتناع یا حکم کے تسلسل کی مدّت، وہ دن جس پر یہ جاری کیا گیا یا دیا گیا ہو اور وہ دن جس پر اسے واپس لیا گیا ہو، منہا کر دیا جائے گی۔

(2) کسی ایسے مقدمے جس کا نوٹس فی الوقت نافذ العمل کسی وضع شدہ قانون کی شرائط کے مطابق دیا گیا ہے، کی میعادِ سماعت کو شمار کرتے ہوئے اس نوٹس کی مدّت منہا کر دی جائے گی۔

16۔ اُس وقت کا منہا ہونا جس کے دوران فروخت کی منسوخی کے لیے عدالتی کارروائی زیرِ سماعت رہی - کسی نیلامی پر کسی خریدار کی جانب سے قبضے کے لیے کسی ڈگری کی تعمیل کے لیے مجوّزہ میعادِ سماعت کو شمار کرتے ہوئے وہ مدّت جس کے دوران نیلامی کو منسوخ کرنے کی کارروائی ہوتی رہی، منہا کر دی جائے گی۔

---

[22] بذریعہ مرکزی قوانین (قانونی) اصلاحات آرڈیننس، 1960 (21 بابت 1960) الفاظ "صوبہ اور وفاق کا دارالحکومت" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 9 جون، 1960 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 725 تا 845 پر شائع ہوا، ایس۔ 3 اور دوسرا شیڈول (14 اکتوبر، 1955 سے مؤثر ہوا)، جنھیں بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز کی تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔جی۔او۔ 4 بابت 1949) الفاظ "برطانوی ہند" سے بدل دیا گیا تھا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں، صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا تھا، آرٹیکل 3 اور شیڈول۔

17۔ **مقدّمہ دائر کرنے کا حق حاصل ہونے سے پہلے موت واقع ہونے کا اثر** - کوئی شخص جسے زندہ ہونے پر مقدمہ دائر کرنے یا درخواست پیش کرنے کا حق حاصل ہو، حق حاصل ہونے سے قبل انتقال کر جائے تو میعادِ سماعت اس وقت سے شمار کی جائے گی جب متوفی کا کوئی قانونی نمائندہ ایسا مقدمہ دائر کرنے یا درخواست پیش کرنے کے قابل ہو جائے۔

(2) ایسا شخص جس کے خلاف اس کے زندہ ہونے پر مقدمہ دائر کرنے یا درخواست پیش کرنے کا حق حاصل ہو، اور وہ حق حاصل ہونے سے قبل انتقال کر جائے تو میعادِ سماعت کا شمار اس وقت سے کیا جائے گا جب متوفی کا کوئی ایسا قانونی نمائندہ موجود ہو، جس کے خلاف مدعی مقدمہ دائر کر سکے یا درخواست پیش کر سکے۔

(3) ذیلی سیکشن (1) اور (2) میں درج کچھ بھی، شفعہ کے حقوق نافذ کرنے کے مقدمات یا غیر منقولہ جائیداد کے قبضے یا کسی موروثی عہدے کے حصول کے مقدمات پر لاگو نہ ہوگا۔

18۔ **فراڈ کا اثر** - مقدمہ دائر کرنے یا درخواست دینے کا حق رکھنے والے کسی شخص کو ایسے حق یا حقِ ملکیت کے علم سے، جس پر یہ مبنی ہو، فراڈ کے ذریعے دور رکھا جائے یا اس حق کو ثابت کرنے کے لیے ضروری دستاویز کو دھوکے سے چھپانے کی صورت میں،

مقدمہ دائر کرنے یا درخواست دینے کے لیے مقررہ میعادِ سماعت-

(اے) ایسے شخص کے خلاف جو فراڈ یا اس میں شرکت کا مجرم ہو، یا

(بی) ایسے شخص کے خلاف جو اس کے ذریعے سے نیک نیتی کے علاوہ اور کسی قابلِ قدر بدل کے لیے دعوے دار ہو،

اس وقت سے شمار ہوگی جب اُس شخص کو پہلی مرتبہ اس فراڈ کا پتہ چلے جسے اس سے نقصان پہنچا ہو یا چھپائی گئی دستاویز پر جب اسے پہلی مرتبہ اس کے پیش کرنے یا جبراً پیش کرانے کا ذریعہ ملا۔

19۔ **تحریری اقرار نامے کا اثر** - (1) کسی جائیداد یا حق کے حوالے سے کسی مقدمہ یا درخواست کی مجوّزہ میعاد ختم ہونے سے قبل، اس جائیداد یا حق کے حوالے سے اس فریق، جس کے خلاف ایسی جائیداد یا حق کا دعویٰ کیا گیا ہے، یا کسی ایسے شخص، جس کے ذریعے وہ حق یا ذمہ داری لیتا ہے، دستخط شدہ ذمہ داری تحریر میں لانے کے بعد ایک نئی میعادِ سماعت اس وقت سے شمار کی جائے گی جب اقرار نامہ پر اس طرح دستخط کیے گئے تھے۔

(2) اقرار نامے پر مشتمل تحریر بلا تاریخ ہونے کی صورت میں، اس وقت کی زبانی شہادت دی جاسکتی ہے جب اس پر دستخط کیے گئے تھے؛ لیکن [23] [* * * *] شہادت ایکٹ، 1872 [24] کی دفعات کے تحت، اس کے مندرجات کی زبانی شہادت منظور نہیں کی جائے گی۔

وضاحت I - اس سیکشن کے مقاصد کے لیے کوئی اقرار نامہ کافی ہو سکتا ہے اگرچہ یہ جائیداد یا حق کی اصل نوعیت کو مخصوص کرنا حذف کرتا ہے یا حلفاً بیان کرتا ہے کہ ادائیگی، حوالگی، تعمیل یا استفادہ کا وقت ابھی نہیں آیا یا اس کے ساتھ ادا کرنے، حوالے کرنے، عمل کرنے یا

---

[23] بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز کی تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔جی۔او۔4 بابت 1949) لفظ "انڈین" کو حذف کر دیا گیا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا، دیکھیے آرٹیکل 3 اور شیڈول۔

[24] I بابت 1872

استفادہ کرنے کی اجازت کا انکار شامل ہے یا کسی جوابی مطالبے کے دعویٰ کے ساتھ شامل ہے یا اس جائیداد یا حق کا استحقاق رکھنے والے شخص کے علاوہ کسی شخص کے نام لکھا گیا ہے۔

وضاحت II - اس سیکشن کے مقاصد کے لیے، "دستخط شدہ" سے مراد یا تو بذاتِ خود یا اس سلسلے میں باضابطہ طور پر مجاز بنائے گئے کسی نمائندے کا دستخط شدہ ہے۔

وضاحت III - اس سیکشن کے مقاصد کے لیے کسی ڈگری یا حکم کی تعمیل کے لیے کوئی درخواست کسی حق کے سلسلے میں کوئی درخواست ہے۔

[25] [20۔ **قرض یا متروکہ مال پر ادائیگی کا اثر** - (1) کسی قرض یا کسی ترکہ پر منافع کی وجہ سے ادائیگی مجوّزہ میعاد کے اختتام سے قبل اس شخص کی جانب سے، جو قرض یا ترکہ کی ادائیگی کا ذمہ دار ہو یا اس کے باضابطہ طور پر مجاز بنائے گئے نمائندے کی جانب سے کر دی جائے تو نئی میعادِ سماعت اس وقت سے شمار کی جائے گی جب ادائیگی عمل میں آئی ہو۔]

[26] [بشر طیکہ [27] [*****] ادائیگی کا اقرار نامہ، ادائیگی کرنے والے شخص کی لکھائی میں یا اس کی دستخط شدہ تحریر میں ہو۔]

(2) **مرہونہ اراضی کی پیداوار وصول کرنے کا اثر**۔ مرہونہ اراضی، مرتہن کے قبضے میں ہونے پر ایسی اراضی کے لگان یا اس کی پیداوار کی وصولی ذیلی سیکشن (1) کے مقصد کے لیے ادائیگی متصور ہو گی۔

وضاحت - قرض میں وہ روپیہ شامل ہے جو کسی عدالت کی ڈگری یا حکم کے تحت واجب الادا ہو۔

21۔ نااہل شخص کا نمائندہ - (1) سیکشن 19 اور 20 میں اصطلاح "اس سلسلے میں مجاز بنایا گیا نمائندہ" میں نا اہل شخص کا قانونی سرپرست، کمیٹی یا منیجر، یا اس سرپرست کی جانب سے اقرار نامے پر دستخط کرنے کے لیے یا ادائیگی کے لیے باضابطہ طور پر مجاز بنایا گیا نمائندہ شامل ہو گا۔

(2) **چند شریک معاہدہ کنندگان وغیرہ میں سے کسی ایک کی جانب سے اقرار یا ادائیگی** - مذکورہ سیکشنز میں درج کچھ بھی، چند شریک معاہدہ کنندگان، شراکت داروں، تعمیل کنندگان یا مرتہنان میں سے کسی ایک پر محض اس بنا پر مطالبہ عائد نہیں کرتا کہ ان میں سے کسی دوسرے یا دوسروں کی جانب سے یا ان کے نمائندے کی جانب سے دستخط شدہ تحریری اقرار یا ادائیگی کی گئی ہے۔

[28] [(3) **مذکورہ سیکشنز کے مقاصد کے لیے**-

---

[25] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1942 (XVI بابت 1942) اصل ذیلی سیکشن (1) کو بدل دیا گیا؛ مؤرخہ 30 مارچ، 1942، ایس۔2۔

[26] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1927 (1 بابت 1927)، اصل فقرۂ شرطیہ کو بدل دیا گیا، مؤرخہ 18 فروری، 1927، ایس۔2۔

[27] بذریعہ وفاقی قوانین (نظرثانی اور اعلامیہ) آرڈیننس، 1981 (XXVII بابت 1981) کو موں اور الفاظ "سوائے یکم جنوری، 1928 سے پہلے منافع {انٹرسٹ} کی ادائیگی کی صورت میں" کو حذف کر دیا گیا؛ اور مؤرخہ ۔۔۔۔۔ کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 345 تا 475 پر شائع ہوا، ایس۔2 اور دوسرا شیڈول۔

[28] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1927 (1 بابت 1927) ذیلی سیکشن (3) کو شامل کیا گیا؛ مؤرخہ 18 فروری، 1927، ایس۔3۔

(اے) کسی ذمہ داری کے حوالے سے کسی بیوہ یا اس کے باضابطہ مجاز کردہ نمائندے یا جائیداد کے کسی دیگر محدود مالک، جو ہندو قانون کے تابع ہو، ایسی ذمہ داری کے کسی وارث مابعد کے خلاف کوئی قانونی اقرار یا ادائیگی، جو بھی صورت ہو، ہو گا؛ اور

(بی) کسی غیر منقسم ہندو خاندان کے ذریعے یا اس کی جانب سے کوئی ذمہ داری عائد کیے جانے کی صورت میں، ایسے خاندان کے کسی فی الوقت منیجر کی جانب سے یا اس کے باضابطہ طور پر مجاز بنائے گئے نمائندے کی جانب سے کیا ہوا تحریری اقرار یا کی گئی ادائیگی، تمام خاندان کی جانب سے کی گئی متصور ہو گی۔]

22۔ **نیا مدعی یا مدعاعلیہ بدلنے یا شامل کرنے کا اثر** - کسی مقدمے کے دائر کیے جانے کے بعد، نیا مدعی یا مدعاعلیہ بدلے یا شامل کیے جانے کی صورت میں، اس کے حوالے سے مقدمہ اس وقت دائر کیا گیا متصور ہو گا جب اسے یوں فریق بنایا گیا تھا۔

(2) ذیلی سیکشن (1) میں کچھ بھی کسی ایسی صورت میں اطلاق پذیر نہ ہو گا جب کسی سماعتِ مقدمہ کے دوران کسی حق کے تفویض یا منتقل ہونے کی وجہ سے کسی فریق کا اضافہ کیا جائے یا بدلا جائے یا جب کسی مدعی کو مدعاعلیہ یا مدعاعلیہ کو مدعی بنا دیا جائے۔

23۔ **مسلسل خلاف ورزیاں اور جرائم** - معاہدے کی مسلسل خلاف ورزی پر اور معاہدے کے ایسے مسلسل جُرم کی صورت میں، اس وقت کے دوران جس میں خلاف ورزی یا جُرم، جو بھی صورت ہو، جاری رہے، ہر لمحے سے میعادِ سماعت کی نئی مدّت کا شمار ہو گا۔

24۔ **خصوصی نقصان کے بغیر ناقابلِ عمل اقدام کے لیے تلافی کا مقدمہ** - کسی ایسے اقدام کی تلافی کے لیے کسی مقدمے کی صورت میں، جس سے بربنائے دعویٰ پیدا نہ ہوتا ہو، جب تک کہ اس سے کوئی خاص ضرر نہ ہو، میعادِ سماعت اس وقت سے شروع کی جائے گی جب وہ ضرر واقع ہو۔

توضیح

اے ایک کھیت کی اوپر کی سطح کا مالک ہے۔ بی نچلی سطح کا مالک ہے۔ بی اوپر کی سطح کو کوئی فوری ظاہری ضرر پہنچائے بغیر اس میں سے کوئلہ نکالتا ہے لیکن آخرکار اوپر کی سطح بیٹھ جاتی ہے۔ اے کی جانب سے بی کے خلاف مقدمے کی صورت میں میعادِ سماعت سطح زمین بیٹھ جانے کے وقت سے شمار کی جائے گی۔

25۔ **دستاویزات میں مذکور وقت کا شمار** - اس ایکٹ کے مقاصد کے لیے تمام دستاویزات گریگورین کیلنڈر کے مطابق تیار کردہ متصور ہوں گے۔

توضیحات

(اے) ایک ہندو ایک پرامیسری لکھتا ہے جس پر محض مقامی تاریخ تحریر ہے اور اس تاریخ کے چار ماہ بعد واجب الادا ہے نوٹ پر کسی مقدمے پر قابلِ اطلاق میعادِ سماعت گریگورین کیلنڈر کے مطابق تاریخ تحریر کے چار ماہ گزرنے کے بعد شمار کی جائے گی۔

(بی) ایک ہندو نے ایک تمسک تحریر کیا جس میں ایک سال کے اندر روپیہ واپس کرنے کی صرف مقامی تاریخ تحریر ہے۔ تمسک کے حوالے سے کسی مقدمے پر قابلِ اطلاق میعادِ سماعت گریگورین کیلنڈر کے مطابق تاریخِ تحریر سے ایک سال گزرنے کے بعد شمار کی جائے گی۔

حصہ IV

قبضے کے ذریعے ملکیت کا حصول

26۔ حقِ آسائش کا حصول - (1) اگر کسی عمارت میں اور اس کے لیے روشنی یا ہوا کا گزر اور پُر امن طریقے سے بطورِ حقِ آسائش اور کسی رکاوٹ کے بغیر بطورِ حق اور بیس سال کے لیے 20 سال کے لیے استعمال کیا ہو۔

اور اگر کسی راستے یا نالے یا کسی پانی یا کسی دیگر حقِ آسائش (خواہ مثبت یا منفی) کا استعمال، کسی ایسے شخص کی جانب سے جو اس کے استحقاق کا دعوے دار ہو، بطورِ آسائش اور بطورِ حق، پُرامن طریقے سے اور اعلانیہ طور پر بغیر رکاوٹ اور بیس سال تک کیا جاتا رہا ہو،

تو روشنی یا ہوا کے گزر اور استعمال کا حق، راستہ، نالے، پانی یا دیگر آسائش کے استعمال کا حق قطعی اور نا قابلِ تنسیخ ہو گا۔

بیس سال کی ہر مذکورہ مدت ایسی میعاد سمجھی جائے گی جو اس مقدمے کے دائر کرنے سے عین ما قبل دو سال کے اندر ختم ہوتی ہو، جس میں مذکورہ مدّت سے متعلق دعویٰ کی مزاحمت کی گئی ہو۔

(2) ذیلی سیکشن (1) کے تحت وہ جائیداد، جس پر کسی حق کا دعویٰ کیا گیا ہو،[29] [حکومت] کی ملکیت ہو تو اس ذیلی سیکشن کو یوں پڑھا جائے گا جیسے الفاظ "بیس سال" کو الفاظ "ساٹھ سال" سے بدل دیا گیا تھا۔

وضاحت - اس سیکشن کے مفہوم میں کوئی مزاحمت نہیں ہے، دعوے دار کے علاوہ کسی دیگر شخص کے اقدام سے رکاوٹ کی وجہ سے قبضے یا استعمال کا اصل اختتام ہونے کے سوا، اور ایسی مزاحمت سے اور اس شخص سے جس نے مزاحمت کی ہو یا جس کی اجازت سے مزاحمت کی گئی ہو، دعوے دار کے مطلع ہونے کے بعد ایک سال تک اسے برداشت نہ کیا گیا ہو یا سکوت اختیار نہ کیا گیا ہو۔

توضیحات

(اے) حقِ راہ میں رکاوٹ پر 1911 میں ایک مقدمہ دائر کیا گیا۔ مدعا علیہ نے رکاوٹ کا اقبال کیا لیکن استحقاقِ راہ سے انکار کر دیا۔ مدعی نے یہ دعویٰ کرتے ہوئے کہ اس پر اس کا استحقاق بطورِ آسائش اور حق یکم جنوری، 1890 سے یکم جنوری، 1910 تک بلا رکاوٹ تھا، ثابت کیا کہ وہ استحقاق اسے پُرامن اور علانیہ طور پر حاصل تھا۔ مدعی فیصلے کا حق دار ہے۔

---

[29] بذریعہ گورنمنٹ آف انڈیا (انڈین قوانین کی تطبیق آرڈر)، 1937 لفظ "حکومت" کو پہلی بار بدلا گیا؛ اور مؤرخہ یکم اپریل، 1937 کو انڈیا گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 75 تا 344 پر شائع ہوا، دیکھیئے آرٹیکل 3 اور پہلا شیڈول، اور پھر بذریعہ مرکزی (قوانین) تطبیق آرڈر، 1961 اس میں ترمیم کی گئی؛ اور مؤرخہ 24 جون، 1961 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) پر شائع ہوا، آرٹیکل 2 اور جدول (23 مارچ، 1956 سے مؤثر ہوا) جیسے اوپر پڑھا گیا۔

(بی) اسی طرح ایک مقدمے میں مدعی نے یہ ظاہر کیا کہ وہ حق اسے پُرامن اور علانیہ طور پر بیس سال تک حاصل رہا۔ مدعاعلیہ نے یہ ثابت کیا کہ مدعی نے بیس سال کے اندر ایک مرتبہ اس سے اس حق کو استعمال کرنے کی اجازت مانگی تھی۔ مقدمہ خارج کر دیا جائے گا۔

27۔ **حقِ آسائش کی زمین کے وارثِ دعویٰ کے حق میں اخراج** - کسی اراضی یا پانی جس کے اوپر، جس پر یا جس سے کوئی حقِ آسائش استعمال یا حاصل کیا جاتا رہا ہے زندگی یا تاریخِ عطا سے تین سال سے زیادہ مدّت تک کسی حقیت کے تحت یا اس کی رُو سے قبضے میں ہونے کی صورت میں، اس حقِ آسائش کے حصول کی مدّت جو اس حقیت یا میعادِ تسلسل کے دوران ہو، بیس سال کی مدّت شمار کرتے ہوئے اس صورت میں خارج کر دی جائے گی جب دعویٰ کے سلسلے میں حقیت یا میعاد ختم ہونے کے تین سال کے اندر اس شخص نے اعتراض کیا ہو جو مذکورہ اراضی یا پانی پر اس کے ختم ہونے کے وقت استحقاق رکھتا ہو۔

توضیح

اے اس اقرار کے لیے مقدمہ دائر کرتا ہے کہ وہ بی کی اراضی راستہ کا حق رکھتا ہے۔ اے ثابت کرتا ہے کہ وہ پچیس سال تک اس حق کو استعمال کرتا رہا ہے لیکن بی یہ ظاہر کرتا ہے کہ ان سالوں میں سے دس سال کے دوران ایک ہندو بیوہ اُس اراضی پر حق حین حیاتی رکھتی تھی اور سی کے انتقال کر جانے پر بی اس اراضی کا مستحق ہوا، اور سی کی وفات کے بعد دو سال کے اندر اس نے اے کے استحقاق کے دعویٰ پر اعتراض کیا۔ مقدمہ خارج کر دیا جانا چاہیے کیونکہ اے نے اس سیکشن کی دفعات کے تحت صرف پندرہ سال تک استعمال کو ثابت کیا ہے۔

[30] [28۔ حقِ جائیداد کا خاتمہ - * * *]

حصہ V

مستثنیات اور تنسیخات

29۔ **مستثنیات** - [31] [(1) اس ایکٹ میں درج کچھ بھی، معاہدہ ایکٹ، 1872[32] کے سیکشن 25 پر اثر انداز نہ ہو گا۔ (2) کوئی خاص یا مقامی قانون، کسی مقدمے، اپیل یا درخواست کے لیے پہلے شیڈول میں مجوّزہ مدّت سے مختلف مدّت مقرر کرے تو سیکشن 3 کی دفعات اس طرح لاگو ہوں گی جیسا کہ مذکورہ مدّت اس کے لیے اُس شیڈول میں تجویز کی گئی ہو اور کسی خاص یا مقامی قانون کے ذریعے کسی مقدمے، اپیل یا درخواست کے لیے کسی مجوّزہ میعادِ سماعت کا تعین کرنے کے مقصد سے -

(اے) سیکشن 4 میں درج دفعات صرف اس قدر اور اس حد تک اطلاق پذیر ہوں گی جس حد تک وہ اس خاص یا مقامی قانون کے ذریعے واضح طور پر خارج نہ کر دی گئی ہوں؛ اور

---

[30] بذریعہ میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ (II بابت 1995) حذف کیا گیا؛ اور پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں شائع ہوا، مؤرخہ 18 اکتوبر، 1995، ایس۔2، حصہ I۔

[31] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1922 (X بابت 1922) اصل ذیلی سیکشن (1) کو بدل دیا گیا، مؤرخہ 5 مارچ، 1922، ایس۔3۔

[32] IX بابت 1872

(بی) اس ایکٹ کی بقیہ دفعات لاگو نہ ہوں گی۔]

[33] [(3) اس ایکٹ میں درج کچھ بھی، طلاق ایکٹ[34] کے تحت دائر مقدمات پر لاگو نہیں ہو گا۔

[35] [(4)] سیکشن 26 اور 27 اور سیکشن 2 میں "حقِ آسائش" کی تعریف ان حالات پر اطلاق پذیر نہ ہو گی جو ایسے علاقہ جات میں پیدا ہوں جن پر حقِ آسائش ایکٹ، 1882 [36] فی الوقت نافذ ہو۔

30۔ [37] [ایسے مقدمات کا بندوبست جن کے لیے مجوّزہ میعاد، انڈین میعادِ سماعت ایکٹ، 1877 کے تحت مجوّزہ میعاد سے کم ہو۔******]

31 ۔ [38] [مخصوص مرتہنان کی جانب سے دوسرے شیڈول میں مذکور علاقہ جات میں دائر کیے گئے مقدمات کا بندوبست۔******]

32 ۔ [39] [تنسیخات******]

---

[33] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1922 (X بابت 1922) اصل ذیلی سیکشن (2) کو نیا نمبر (3) دیا گیا، مؤرخہ 5 مارچ، 1922، ایس۔ 3۔

[34] IV بابت 1869

[35] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1922 (X بابت 1922) اصل ذیلی سیکشن (3) کو نیا نمبر (4) دیا گیا، مؤرخہ 5 مارچ، 1922، ایس۔ 3۔

[36] V بابت 1882

[37] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ، 1930 (VIII بابت 1930) منسوخ کیا گیا، مؤرخہ 16 مارچ، 1930، ایس۔ 3 اور دوسرا شیڈول۔

[38] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ، 1930 (VIII بابت 1930) منسوخ کیا گیا، مؤرخہ 16 مارچ، 1930، ایس۔ 3 اور دوسرا شیڈول۔

[39] بذریعہ دوسرا تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ 1914 (XVII بابت 1914) منسوخ کیا گیا؛ اور مؤرخہ 19 ستمبر، 1914 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV پر شائع ہوا، ایس۔ 3 اور دوسرا شیڈول۔

پہلا شیڈول

(دیکھیے سیکشن 3)

پہلا حصہ: مقدمات

مقدمہ کی تفصیل	مدّتِ میعادِ سماعت	میعادِ سماعت شروع ہونے کا وقت
	حصہ I- تیس دن۔	
1- بنجر اراضی (دعویٰ جات) ایکٹ، 1863 (XXII بابت 1863) کے تحت ریونیو بورڈ کے فیصلے کو چیلنج کرنے کے لیے۔	تیس دِن۔	مدعی کو فیصلے کا نوٹس دیے جانے پر۔
	حصہ II- نوّے دِن۔	
2- [40][پاکستان] میں فی الوقت نافذ العمل کسی وضع شدہ قانون کی تعمیل میں مبینہ طور پر کسی کام کے کرنے یا کرنے کو ترک کرنے کی تلافی کے لیے۔	نوّے دِن۔۔۔	کام کرنے یا ترک کرنے پر۔
3- خصوصی دادرسی ایکٹ، 1877 (I بابت 1877)، سیکشن 9 کے تحت، غیر منقولہ جائیداد کی ملکیت واپس لینے کے لیے۔	حصہ III- چھ ماہ۔ چھ ماہ۔۔۔	بے دخلی واقع ہونے پر۔
[41][* * *	*	* * *]

[40] بذریعہ مرکزی قوانین (قانونی اصلاحات) آرڈیننس، 1960 (21 بابت 1960) الفاظ "صوبہ اور وفاق کا دارالحکومت" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 9 جون، 1960 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 725 تا 845 پر شائع ہوا، ایس۔ 3 اور دوسرا شیڈول (14 اکتوبر، 1955 سے مؤثر ہوا)، جنھیں بذریعہ مرکزی ایکٹس اور آرڈیننسز کی تطبیق آرڈر، 1949 (جی۔ جی۔ او۔ 4 بابت 1949) الفاظ "برطانوی ہند" سے بدل دیا گیا تھا؛ اور مؤرخہ 28 مارچ، 1949 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں، صفحات 223 تا 283 پر شائع ہوا تھا، آرٹیکل 3 اور شیڈول۔

[41] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ 1937 (XX بابت 1937) آجرین اور کارکنان (تنازعات) ایکٹ، 1860 کے تحت مقدمات سے متعلق آرٹیکل 4 کو حذف کیا گیا؛ اور مؤرخہ 17 اپریل، 1937 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV میں صفحات 40 تا 44 پر شائع ہوا، ایس۔ 3 اور دوسرا شیڈول۔

پہلا حصہ: مقدمات- جاری ہے۔

مقدمہ کی تفصیل	مدّتِ میعادِ سماعت	میعادِ سماعت شروع ہونے کا وقت
	[46][حصہ IV- ایک سال]۔	
5- مجموعہ ضابطۂ دیوانی، 1908[42] کے سیکشن 128(2)(ایف) میں حوالہ دیے گئے سرسری سماعت کے طریقِ کار کے تحت [43][جہاں ایسے سرسری ضابطۂ کار کی دفعہ ایسے مقدمات میں عام ضابطۂ کار کو خارج نہ کرے [44][* *]۔	[47][ایک سال]۔۔	قرض یا متعین مطالبے کے واجب الادا ہونے پر یا جائیداد کے قابلِ وصول ہونے پر۔
6- کسی قانونِ موضوعہ، ایکٹ، ضابطہ یا ضمنی قانون کی بنا پر جُرمانے یا ضبطی کے لیے۔	[48][***] ایک سال۔۔	
7- کسی خانگی ملازم، ہُنر مند یا مزدور کی اُجرتوں کے لیے[45][* * *]۔		سزا یا ضبطی عائد ہونے پر۔

[42] V بابت 1908

[43] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1925 (XXX بابت 1925) شامل کیا گیا؛ اور مؤرخہ 3 اکتوبر، 1925 کو انڈیا گزٹ میں حصہ IV، صفحہ 59 پر شائع ہوا، ایس۔2(بی)(i)۔

[44] بذریعہ ضابطۂ دیوانی اور میعادِ سماعت (ترمیم) آرڈیننس، 1961 (IX بابت 1961) الفاظ "اور مذکورہ مجموعہ کے آرڈر XXXVII کے تحت" کو حذف کیا گیا، اور مؤرخہ 6 مارچ، 1961 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں ایس۔3 پر شائع ہوا۔

[45] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ، 1939 (XXXIV بابت 1939) الفاظ "اس شیڈول کے ذریعے بندوبست نہ کیا گیا، آرٹیکل 4" کو حذف کیا گیا؛ اور مؤرخہ 30 ستمبر، 1939 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV میں، صفحات 204 تا 207 پر شائع ہوا، ایس۔2 اور پہلا شیڈول۔

[46] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1925 (XXX بابت 1925) شامل کیا گیا؛ اور مؤرخہ 3 اکتوبر، 1925 کو انڈیا گزٹ (غیر معمولی) میں حصہ IV، ایس۔2(اے) میں صفحہ 59 پر شائع ہوا۔

[47] بذریعہ انڈین میعادِ سماعت (ترمیم) ایکٹ، 1925 (XXX بابت 1925) الفاظ "چھ ماہ" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 3 اکتوبر، 1925 کو انڈیا گزٹ (غیر معمولی) میں حصہ IV، ایس۔2(بی)(ii) میں صفحہ 59 پر شائع ہوا۔

8 - کسی ہوٹل، سرائے یا مسافر خانہ کے نگران کی جانب سے بیچے جانے والے کھانے یا مشروب کی قیمت کے لیے۔	[49] [ایک سال]۔۔ [50] [ایک سال]۔۔	اُجرتوں کے واجب الوصول ہونے پر۔ کھانے یا مشروب کی فراہمی پر۔

پہلا شیڈول - جاری ہے۔

پہلا حصہ: مقدمات - جاری ہے۔

مقدمہ کی تفصیل	مدّتِ میعادِ سماعت	میعادِ سماعت شروع ہونے کا وقت
	حصہ IV - ایک سال - جاری ہے۔	
9 - اقامت گاہ کی قیمت کے لیے۔	[53] [ایک سال]۔۔	جب قیمت واجب الادا ہو۔
10۔ حقِ شفعہ کے نفاذ کے لیے چاہے یہ حق قانون یا عام رواج یا خاص معاہدے پر مبنی ہو۔	[54] [ایک سال]۔۔۔	خریدار کا فروخت کی گئی ایسی تمام جائیداد کا قبضہ لینے پر جس کی فروخت پر اعتراض کیا جانا ہو یا فروخت کی دستاویز رجسٹر ہونے پر فروخت کرنے والے شخص کے قبضے کو تسلیم نہ کرنے کی صورت میں۔
11 - کسی شخص کی جانب سے، جس کے		

[48] عنوان "حصہ IV - ایک سال" کو حذف کیا گیا، ایضاً۔۔ ایس۔ 2 (سی)۔

[49] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ 1923 (XI بابت 1923) لفظ "ایضاً" کو حذف کر دیا گیا؛ اور مؤرخہ 10 مارچ، 1923 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV میں شائع ہوا، ایس۔ 2 اور پہلا شیڈول۔

[50] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ 1923 (XI بابت 1923) لفظ "ایضاً" کو حذف کر دیا گیا؛ اور مؤرخہ 10 مارچ، 1923 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV میں شائع ہوا، ایس۔ 2 اور پہلا شیڈول۔

[53] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ 1923 (XI بابت 1923) لفظ "ایضاً" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 10 مارچ، 1923 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV میں شائع ہوا، ایس۔ 2 اور پہلا شیڈول۔

[54] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ 1923 (XI بابت 1923) لفظ "ایضاً" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 10 مارچ، 1923 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV میں شائع ہوا، ایس۔ 2 اور پہلا شیڈول۔

خلاف ایسے حق کے تعین کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کوئی حکم دیا گیا ہے، جس کا دعویٰ وہ حکم میں موجود جائیداد پر کرتا ہے:	[55] [ایک سال]---	حکم کی تاریخ سے۔
(1) کسی ڈگری کی تعمیل میں قُرق کی گئی جائیداد کے خلاف مجموعۂ ضابطۂ دیوانی، 1908 [51] کے تحت کیے گئے قُرقی کے دعویٰ یا کسی اعتراض پر؛		
[52] [* *]		
11 اے-کسی شخص کی جانب سے جس کے خلاف مجموعۂ ضابطۂ دیوانی، 1908 [57] کے تحت ڈگری دار کی جانب سے غیر منقولہ جائیداد کے قبضے کے لیے ڈگری کی تعمیل میں بیچی گئی ایسی جائیداد کے خریدار کی جانب سے دی جانے والی درخواست کی بنا پر جس میں حوالگی قبضے میں مزاحمت یا رکاوٹ کی شکایت کی گئی ہو، یا ایسے شخص کی جانب سے دی جانے والی درخواست پر جسے ڈگری دار یا خریدار کو حوالگی، قبضے کے وقت جائیداد سے بے دخل	[56] [ایک سال]--- حصہ IV - ایک سال-جاری ہے۔	حکم کی تاریخ سے۔

---

[51] V بابت 1908

[52] بذریعہ وفاقی قوانین (نظرِ ثانی اور اعلامیہ) ایکٹ، 1951 (XXVI بابت 1951)، شق (2) کو حذف کیا گیا؛ اور مؤرخہ 12 مئی، 1951 کو پاکستان گزٹ (غیر معمولی) میں صفحات 340 تا 382 پر شائع ہوا، ایس۔3 اور دوسرا شیڈول، حصہ 1۔

[55] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ 1923 (XI بابت 1923) لفظ "ایضاً" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 10 مارچ، 1923 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV میں شائع ہوا، ایس۔2 اور پہلا شیڈول۔

[56] بذریعہ تنسیخی اور ترمیمی ایکٹ 1923 (XI بابت 1923) لفظ "ایضاً" کو بدل دیا گیا؛ اور مؤرخہ 10 مارچ، 1923 کو انڈیا گزٹ، حصہ IV میں شائع ہوا، ایس۔2 اور پہلا شیڈول۔

کر دیا گیا ہو، ایسے حق کے تعین کے لیے جس پر یہ حکم میں موجود جائیداد کے موجودہ قبضے کا دعویٰ کرے۔		
12- مندرجہ ذیل میں سے کسی فروخت کو منسوخ کرنے کے لیے:-		
(اے) کسی سِول کورٹ کی کسی ڈگری کی تعمیل میں فروخت؛	[58][ایک سال]۔	
